احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

C.P.L 29

ٹیلی فون نمبر 213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

ہفتہ 4 ستمبر 2004ء 18 رجب 1425 ہجری - 4 تبوک 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 199

ایک حسین عبادت

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

حسن الظن من حسن العبادة

حسن ظن ایک حسین عبادت ہے

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب حسن الظن حدیث نمبر:4341)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ خوب یاد رکھو کہ ساری خرابیاں اور برائیاں بدظنی سے پیدا ہوتی ہیں۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اس سے بہت منع فرمایا ہے(۔) میں سچ کہتا ہوں کہ بدظنی بہت ہی بری بلا ہے جو انسان کے ایمان کو تباہ کر دیتی ہے اور صدق اور راستی سے دور پھینک دیتی ہے اور دوستوں کو دشمن بنا دیتی ہے۔صدیقوں کے کمال حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان بدظنی سے بہت ہی بچے۔اور اگر کسی کی نسبت کوئی سوءظن پیدا ہو،تو کثرت کے ساتھ استغفار کرے اور خدا تعالیٰ سے دعائیں کرے،تا کہ اس معصیت اور اس کے برے نتیجہ سے بچ جاوے جو اس بدظنی کے پیچھے آنے والا ہے۔اس کو کبھی معمولی چیز نہیں سمجھنا چاہئے۔یہ بہت ہی خطرناک بیماری ہے جس سے انسان بہت جلد ہلاک ہو جاتا ہے۔

غرض بدظنی انسان کو تباہ کر دیتی ہے۔یہاں تک لکھا ہے کہ جس وقت دوزخی لوگ جہنم میں ڈالے جائیں گے،تو اللہ تعالیٰ ان سے یہی فرمائے گا کہ تم نے اللہ تعالیٰ پر بدظنی کی۔بعض لوگ اس خیال کے بھی ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ خطا کاروں کو معاف کر دے گا اور نیکوکاروں کو عذاب دے گا۔ایسا خیال بھی اللہ تعالیٰ پر بدظنی ہے۔اس لئے کہ اس کی صفت عدل کے سراسر خلاف ہے۔گویا نیکی اور اس کے نتائج کو جو قرآن شریف میں اس نے مقرر فرمائے ہیں،بالکل ضائع کر دینا اور بے سود ٹھہرانا ہے۔پس خوب یاد رکھو کہ بدظنی کا انجام جہنم ہے۔اس کو معمولی مرض نہ سمجھو۔بدظنی سے ناامیدی اور ناامیدی سے جرائم اور جرائم سے جہنم ملتا ہے۔بدظنی صدق کی جڑ کاٹنے والی چیز ہے۔اس لئے تم اس سے بچو اور صدیق کے کمالات حاصل کرنے کے لئے دعائیں کرو۔

(ملفوظات جلد اول ص 246)

فساد اس سے شروع ہوتا ہے کہ انسان ظنون فاسدہ اور شکوک سے کام لینا شروع کرے۔اگر نیک ظن کرے تو پھر کچھ دینے کی توفیق بھی مل جاتی ہے۔جب پہلی ہی منزل پر خطا کی تو پھر منزل مقصود پر پہنچنا مشکل ہے۔بدظنی بہت بری چیز ہے۔انسان کو بہت سی نیکیوں سے محروم کر دیتی ہے اور پھر بڑھتے بڑھتے نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ انسان خدا پر بدظنی شروع کر دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 375)

بدظنی ایک ایسا مرض ہے اور ایسی بری بلا ہے جو انسان کو اندھا کر کے ہلاکت کے ایک تاریک کنویں میں گرا دیتی ہے۔بدظنی ہی ہے جس نے ایک مردہ انسان کی پرستش کرائی۔بدظنی ہی تو ہے جو لوگوں کو خدا تعالیٰ کی صفات خلق،رحم،رازقیت وغیرہ سے معطل کر کے نعوذ باللہ ایک فرد معطل اور شئے بیکار بنا دیتی ہے۔الغرض اسی بدظنی کے باعث جہنم کا بہت بڑا حصہ،اگر کہوں کہ سارا حصہ بھر جائے گا،تو مبالغہ نہیں۔جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ماموروں سے بدظنی کرتے ہیں۔وہ خدا تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے فضل کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص 62)

میاں محمد صدیق بانی

گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ

2004ء کا اپ ڈیٹ

مورخہ 25راگست 2004ء تک انٹرمیڈیٹ میں مقابلہ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق اپنے اپنے گروپس میں مندرجہ ذیل طلبہ سرفہرست ہیں۔ ان تمام احمدی طلباء وطالبات سے درخواست ہے کہ جن کے نمبر ان سے زیادہ ہوں وہ فوری طور پر نظارت تعلیم کو مطلع کریں۔ان نمبروں سے زیادہ نمبر ہونے کی صورت میں یہ پوزیشنز تبدیل ہو جائیں گی۔درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31دسمبر 2004ء مقرر ہے۔

☆ وجیہہ سید صاحبہ بنت سید عبدالسلام باسط صاحب پری انجینئرنگ گروپ۔حاصل کردہ نمبر 951۔فیڈرل بورڈ اسلام آباد۔

☆ سید مطاہر جمال احمد صاحب ابن سید نور مبین احمد شاہ صاحب۔پری میڈیکل گروپ۔حاصل کردہ نمبر 961 فیصل آباد بورڈ۔

☆ محسن علی کامران صاحب ابن حنیف احمد کامران صاحب۔جنرل گروپ۔حاصل کردہ نمبر 883 فیصل آباد بورڈ۔

پری انجینئرنگ اور پری میڈیکل کے علاوہ باقی تمام کمبینیشنز آئی سی ایس وغیرہ جنرل گروپ میں شامل ہیں۔

اسی طرح مورخہ 28راگست 2004ء تک میٹرک میں اس مقابلہ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق اپنے اپنے گروپس میں مندرجہ ذیل طلبہ سرفہرست ہیں۔

☆ فرح احمد صاحبہ بنت ڈاکٹر قاضی طاہر اسماعیل صاحب۔سائنس گروپ۔حاصل کردہ نمبر 754 فیڈرل بورڈ اسلام آباد

☆ جنرل گروپ کے کسی طالب علم یا طالبہ کی درخواست موصول نہیں ہوئی۔(سات سو سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے [illegible])

(نظارت تعلیم)

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 312)

پرشکوہ آسمانی نوبت خانہ

برصغیر کے عظیم سکالر اور ''سیرت خاتم النبیین'' کے شہرہ آفاق مؤلف حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب (ولادت 20 اپریل 1893ء، وفات 2 ستمبر 1963ء) نے مغربی فلسفہ، دہریت اور جدید ملحدانہ نظریات کو بے نقاب کرنے کے لئے خالص سائنٹیفک انداز میں ایک معرکہ آراء کتاب تصنیف فرمائی جس کا نام ''ہمارا خدا'' تھا۔ جو دسمبر 1927ء میں مطبع قادیان کے ذریعہ منظر عام پر آئی اور ہر طبقہ میں غیر معمولی طور پر مقبول ہوئی۔ خصوصاً علم النفس (Psychology) کے ماہرین میں جن کے ہاتھ میں جدید نسل کی نبضیں ہیں۔

حضرت صاحبزادہ صاحب کے مقدس باپ امام عصر سیدنا مسیح موعودؑ ہی نے زندہ خدا کی عالمگیر منادی فرمائی اور علیٰ وجہ البصیرت خدا کی جمالی وجلالی نشانوں کے ساتھ **لاکھوں انسانوں پر رب العرش کی ہستی کا نقش جمادیا۔** لہٰذا آپ نے بھی دسمبر 1946ء میں اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کرنے سے اس میں ایک حقیقت افروز تتمہ کا اضافہ کیا جسے مرتب کرنے سے پیشتر اس عظیم مبصر نے حضرت اقدس کے عظیم الشان لٹریچر کا نہایت باریک نظری سے گہرا مطالعہ فرمایا اور حضور کی پُر معارف منادی کا خلاصہ ایسے جامع، دلکش اور ولولہ انگیز الفاظ میں سپرد قرطاس فرمایا کہ جن سے خدا کے ہر عاشق صادق کے سینہ میں تلاطم پیدا ہوتا ہے اور اسے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ ہفت افلاک کی رفعتوں میں محو پرواز ہو گیا ہے۔ اب یہ پُر کیف حضرت صاحبزادہ صاحب کے مبارک لفظوں میں مطالعہ فرمایئے۔

حضرت مسیح موعود نے...... دنیا کو مخاطب کرکے فرمایا:۔

''آؤ! میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ علیم ہے کیونکہ میں ایک انسان ہونے کی وجہ سے علم کامل نہیں رکھتا۔ لیکن خدا مجھے کہتا ہے کہ یہ چیزیوں ظاہر ہوگی اور پھر باوجود ہزاروں پردوں کے پیچھے مستور ہونے کے بالآخر وہ چیز اسی طرح ظاہر ہوتی ہے جس طرح خدا نے کہا تھا۔ آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ قدیر ہے کیونکہ میں بوجہ بشر ہونے کے قدرت کاملہ نہیں رکھتا لیکن خدا مجھے کہتا ہے کہ میں فلاں کام اس اس طرح پر کروں گا۔ اور وہ کام انسانی طاقت سے اس طرح پر نہیں ہوسکتا اور اس کے رستہ میں ہزاروں روکیں حائل ہوتی ہیں مگر پھر بھی وہ اسی طرح ہو جاتا ہے جس طرح خدا فرماتا ہے آؤ! اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ سمیع ہے اور اپنے بندوں کی دعاؤں کو سنتا ہے۔ کیونکہ میں خدا سے ایسے کاموں کے متعلق دعا مانگتا ہوں جو ظاہر میں بالکل انہونے نظر آتے ہیں مگر خدا میری دعا سے ان کاموں کو پورا کر دیتا ہے آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ نصیر ہے کیونکہ **جب اس کے نیک بندے چاروں طرف سے مصائب اور عداوت کی آگ میں گھر جاتے ہیں تو وہ اپنی نصرت سے خود ان کے لئے مخلصی کا رستہ کھولتا ہے۔** آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ خالق ہے کیونکہ میں بوجہ بشر ہونے کے خلق کی طاقت نہیں رکھتا مگر وہ میرے ذریعہ اپنی خالقیت کے جلوے دکھاتا ہے جیسا کہ اس نے بغیر کسی مادہ کے اور بغیر کسی آلہ کے میرے کرتے پر اپنی روشنائی کے چھینٹے ڈالے۔ آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ متکلم ہے اور اپنے خاص بندوں سے محبت اور شفقت کا کلام کرتا ہے جیسا کہ اس نے مجھ سے کیا۔ آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ رب العالمین ہے اور کوئی چیز اس کی ربوبیت سے باہر نہیں۔ کیونکہ جب وہ کسی چیز کی ربوبیت کو چھوڑتا ہے تو پھر وہ چیز خواہ وہ کوئی ہو قائم نہیں رہ سکتی۔ آؤ اور اس کا امتحان کرلو۔ پھر میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ خدا ہے اور وہ مالک ہے کیونکہ مخلوقات میں سے کوئی چیز اس کی حکم عدولی نہیں کرسکتی اور وہ جس چیز پر جو تصرف بھی کرنا چاہے کرسکتا ہے۔ **پس آؤ کہ میں تمہیں آسمان پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں زمین پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں ہوا پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں پانیوں پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں پہاڑوں پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں قوموں پر اس کے تصرفات دکھاؤں۔ اور آؤ کہ میں تمہیں حکومتوں پر اس کے تصرفات دکھاؤں اور آؤ کہ میں تمہیں دلوں پر اس کے تصرفات دکھاؤں۔ پس آؤ اور امتحان کرلو۔''**

یہ ایک بہت بڑا دعویٰ ہے، لیکن سوچو کہ اگر یہ دعویٰ ثابت ہو جائے تو کیا دہریت قائم رہ سکتی ہے؟ مگر مجھے اسی ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اور جس کے سامنے میں نے ایک دن مر کر کھڑا ہونا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے سنت اللہ کے مطابق یہ سب باتیں کرکے دکھادیں اور آپ کی زبان پر خدا کی طرف سے جاری کی ہوئی باتیں اب بھی اس طرح پوری ہو رہی ہیں جس طرح کہ ایک زوردار بارش کے قطرے آسمان سے گرتے نظر آتے ہیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھو حقیقۃ الوحی اور نزول المسیح وغیرہ) اور کئی باتیں آئندہ پوری ہونے والی ہیں۔ مثلاً اپنے خداداد مشن کی ترقی کے متعلق حضرت مسیح موعود بڑی تحدی کے ساتھ فرماتے ہیں:۔

''اے تمام لوگو! سن رکھو کہ یہ اس خدا کی پیشگوئی ہے جس نے زمین و آسمان بنایا۔ وہ اپنی اس جماعت کو تمام ملکوں میں پھیلا دے گا اور حجت اور برہان کی رو سے سب پر ان کو غلبہ بخشے گا۔ وہ دن آتے ہیں بلکہ قریب ہیں کہ دنیا میں صرف یہی ایک مذہب ہوگا جو عزت کے ساتھ یاد کیا جائے گا۔ خدا اس مذہب اور اس سلسلہ میں نہایت درجہ اور فوق العادت برکت ڈالے گا اور ہر ایک کو جو اس کے معدوم کرنے کا فکر رکھتا ہے نامراد رکھے گا اور یہ غلبہ ہمیشہ رہے گا یہاں تک کہ قیامت آجائے گی...... **میں تو ایک تخم ریزی کرنے آیا ہوں سو میرے ہاتھ سے وہ تخم بویا گیا۔ اور اب وہ بڑھے گا اور پھولے گا اور کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔''** (تذکرۃ الشہادتین، ص 64-65)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

○ مکرم محمد شفیع خان صاحب سیکرٹری وصایا اقبال ٹاؤن لاہور لکھتے ہیں۔ میرے بیٹے مکرم نصیر احمد خان صاحب ڈینٹل سرجن حال مقیم کینیڈا ٹورانٹو کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے دو بیٹیوں کے بعد مورخہ 17۔ اگست 2004ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب چیف انجینئر کا نواسہ ہے۔ احباب دعا کریں کہ نومولود لمبی زندگی والا، خادم دین اور والدین کیلئے خیر و برکت کا موجب ہو۔

نکاح

○ مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب النصرت چلڈرن کلینک ریلوے روڈ ربوہ لکھتے ہیں کہ میرے عزیز دوست مکرم مسعود احمد نعیم صاحب دارالعلوم وسطی کے بڑے بیٹے مکرم داؤد احمد خان صاحب ایم۔اے اکنامکس (جنجوعہ سپر سٹور رحمت بازار ربوہ) کا نکاح مورخہ 20 اگست 2004ء بروز جمعۃ المبارک تاج پورہ لاہور میں مکرم نصیر احمد قریشی صاحب مربی سلسلہ احمدیہ نے مکرمہ عمارہ غفور صاحبہ بنت مکرم عبدالغفور صاحب سے مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر پڑھا۔ مکرم داؤد احمد خان صاحب مکرم مولوی محمد دین صاحب ایم۔اے مرحوم سابق استاذ تی آئی کالج و جامعہ احمدیہ ربوہ کے پوتے اور مکرمہ عمارہ غفور صاحبہ مکرم حکیم محمد عبداللہ صاحب مرحوم سابق امیر جماعت احمدیہ جہلم کی نسل میں سے ہیں۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے بابرکت بنائے۔

درخواست دعا

○ مکرم سلیم شاہجہانپوری صاحب گلشن اقبال کراچی دل کے عارضہ کی وجہ سے بیمار ہیں۔ طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ علاج جاری ہے۔ تاہم کمزوری زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

○ مکرم بشیر احمد صاحب زاہد (زاہد کلاتھ ہاؤس) اطلاع دیتے ہیں کہ میری پوتی عزیزہ یاسمین (عرف گڑیا) عمر 12 سال بنت مکرم سلیم احمد زاہد صاحب آف دوبئی آجکل اپنے ننھیال سری لنکا گئی ہوئی ہے اس کا خون نہیں بن رہا اس وجہ سے شدید بیمار ہے احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ معجزانہ شفاء عطا فرمائے۔

صنعتی ورکشاپ مجلس نابینا

○ مجلس نابینا ربوہ کے زیر انتظام دفتر مجلس نابینا واقع عقبی گراؤنڈ خلافت لائبریری ربوہ میں ایک صنعتی ورکشاپ قائم کی گئی ہے جس میں احمدی نابیناؤں کو مختلف ہنر سکھانے کا انتظام کیا گیا ہے تا کہ نابینا حضرات دوسروں پر بوجھ بننے کی بجائے دوسروں کا بوجھ اٹھانے کے قابل ہوسکیں۔ نیز نابیناؤں کی ویلفیئر کے پیش نظر احباب جماعت کیلئے بھی یہ سہولت پیدا کی گئی ہے کہ وہ نہایت معقول معاوضہ پر چارپائیاں، کرسیاں اور پیڑھیاں وغیرہ بنوا سکتے ہیں۔ اس طرح مجلس نابینا ربوہ کی اعانت ہوگی اور احباب جماعت کا بھی فائدہ ہوگا۔ (جنرل سیکرٹری مجلس نابینا ربوہ)

ضرورت باورچی

☆ دارالضیافت ربوہ میں ایک ماہر باورچی کی ضرورت ہے۔ جو ہر قسم کے پاکستانی، انگریزی اور چائینز کھانے پکانے کا ماہر ہو۔ اپنے تجربہ کی اسناد اور امیر صاحب کی سفارش کے ساتھ فوری رابطہ کریں۔

(نائب ناظر ضیافت۔ دارالضیافت ربوہ)

طاہر کلینک کا شیڈیول

○ طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں کارکنان سلسلہ بغرض علاج بدھ کی بجائے جمعرات کے دن تشریف لائیں۔ جمعرات اور جمعہ بیرون کے مریضوں کی چھٹی ہوگی۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

پبلشر آغا سیف اللہ پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

جماعت احمدیہ برازیل کا گیارہواں سالانہ جلسہ 2004ء

رپورٹ: مکرم وسیم احمد ظفر صاحب۔ مشنری انچارج برازیل

اللہ تعالیٰ کا بے حد فضل اور احسان ہے کہ جماعت احمدیہ برازیل کو اپنا گیارہواں جلسہ سالانہ مورخہ 25،24 اپریل 2004ء بروز ہفتہ و اتوار بہت کامیابی کے ساتھ منعقد کرنے کی توفیق ملی اور ہر لحاظ سے یہ جلسہ کامیاب رہا۔

کافی عرصہ پہلے اس جلسہ کی تیاریاں شروع کر دی گئی تھیں۔ ہمیشہ کی طرح امسال بھی اس جلسہ میں شرکت کے لئے ایک دعوت نامہ تیار کیا گیا اور اس کی فوٹو کاپیز کر کے کم و بیش 150 دعوت نامے بذریعہ ڈاک مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھجوائے گئے جن کے ساتھ مختلف اوقات میں روابط ہو چکے ہیں۔ علاوہ ازیں 250 کے قریب دستی دعوت نامے دیئے گئے۔ اس دوران بہت سے افراد کے ساتھ دینی گفتگو نیز جماعت کا تعارف کروانے کا موقع ملتا رہا۔ اس کے علاوہ زبانی و بذریعہ ٹیلی فون بھی بہت سے افراد کو دعوت دی گئی۔ بعض کو ای میل کے ذریعہ بھی اطلاع کی گئی۔ ان ذرائع کے علاوہ اخبارات سے بھی رابطہ کیا گیا۔ چنانچہ ایک مقامی اخبار Diario de Petropoli نے جلسہ سالانہ سے متعلق جماعت کے تعارف کے ساتھ خبریں شائع کیں اور یہ بھی کہ اگر کوئی آنا چاہتا ہے تو کھلی دعوت ہے اور اگر کسی بھی مذہب کا نمائندہ تقریر کرنا چاہتا ہے تو وہ بھی رابطہ کر سکتا ہے۔ جلسہ کے بعد بھی اس اخبار نے اس قسم کے مذہبی رواداری کے جلسہ کو سراہتے ہوئے فوٹوز کے ساتھ پہلے صفحہ اور اندر کے صفحہ پر رپورٹ شائع کی۔

تیاری جلسہ

مشن ہاؤس کا بڑا کمرہ جہاں جلسہ کی کارروائی ہوتی ہے بڑی خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا۔ سامنے سٹیج کی طرف برازیل اور جماعت احمدیہ کے جھنڈے لگائے۔ مختلف قسم کے خوبصورت اور دلکش بینرز بھی آویزاں کئے گئے جن میں بطور خاص خوش آمدید، محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں اور دین حق ایک پُر امن مذہب، قابل ذکر ہیں۔ سائیڈ کی دیواروں پر علاوہ بہت سی تقریبات کی فوٹوز کے گزشتہ 10 جلسوں کی فوٹوز اور بہت سی دوسری اہم تقریبات اور دوروں وغیرہ کی اہم اور چنیدہ تصاویر بھی لگائی گئی تھیں۔ غرض سادہ مگر بہت خوبصورت اور دلکش منظر تھا۔

لنگر خانہ

ہمیشہ کی طرح امسال بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب مہمانوں کے لئے کھانے اور ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔ خاص طور پر اختتامی اجلاس میں 90 کے قریب افراد نے شرکت کی۔ ان سب کے لئے بھی کھانے وغیرہ کا بہت اچھا انتظام موجود تھا۔ سارا کھانا مشن ہاؤس میں ہی تیار کیا گیا تھا جس میں نمکین چاول، مرغی کا سالن، ثابت مسور، حلوہ، سلاد اور بعض برازیلین کھانے بھی تھے۔ بہت سے افراد نے پاکستانی کھانا پہلی مرتبہ کھایا اور بہت پسند کیا اور بار بار لیا۔ کھانا پکانے میں مکرمہ کرن شبنم طارق صاحبہ آف ورجینیا امریکہ اور مکرمہ طاہرہ ثمینہ گارسیا صاحبہ نے انتھک محنت سے کام کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزا دے۔ آمین

چونکہ جلسہ دو روز کا تھا اس لئے دور و نزدیک سے آنے والے مہمان مشن ہاؤس میں ٹھہرے۔ امسال ان کی تعداد 9 تھی جن میں 3 مقامی غیر...... افراد بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب کے ٹھہرنے اور ضروریات کا اچھا اور مناسب انتظام کیا گیا تھا۔

پہلا روز

جلسہ سالانہ کا افتتاحی اجلاس مورخہ 24 اپریل بروز ہفتہ رات 8 بجے خاکسار کی صدارت میں شروع ہوا۔ اس اجلاس میں افراد جماعت کے علاوہ 6 مقامی افراد نے بھی شرکت کی۔ اس اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظم کے بعد خاکسار نے اپنی افتتاحی تقریر میں جلسہ سالانہ کی اہمیت بیان کی۔ اس کے بعد مکرم سید محمود احمد صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد مردوں اور عورتوں کے میوزیکل چیئرز اور مشاہدہ معائنہ کے دلچسپ مقابلہ جات بھی کروائے گئے۔ مشاہدہ معائنہ کے مقابلہ میں سونگھ کر، چھو کر اور دیکھ کر لکھنا شامل تھا۔ آخر میں دعا ہوئی اور سب نے کھانا کھایا۔ خاص طور پر نئے شامل ہونے والے مہمانوں نے اس طرز کے پروگراموں کو بہت پسند کیا۔

دوسرا روز

جماعت احمدیہ برازیل جلسہ سالانہ کے لئے حالات کے مطابق ایک موضوع مقرر کرتی ہے اور اس کے مطابق دعوت عام دیتی ہے۔ کوشش کی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مقامی افراد اس جلسہ سالانہ میں شامل ہوں کیونکہ احمدیوں کی تعداد بہت کم ہے۔ اسی طرح یہ کوشش بھی کی جاتی ہے کہ دوسرے مذاہب کے نمائندگان کو بھی بلایا جائے اور وہ علاوہ جلسہ میں شمولیت کے اپنے مذہب کے مطابق اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکیں۔ اس طرح یہ جلسہ انتہائی دلچسپ ہو جاتا ہے اور جلسہ مذاہب عالم کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ امسال جلسہ سالانہ کے لئے جو موضوع مقرر کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ ''دنیا میں امن کے قیام کے لئے مذہب کی ضرورت'' ہمیشہ کی طرح دوسرے مذاہب کے نمائندگان کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی۔ چنانچہ امسال خدا تعالیٰ کے فضل سے تین نمائندگان نے شرکت کی۔ جلسہ سالانہ کے اس اختتامی اجلاس میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے 90 کے قریب افراد نے شرکت کی جس میں احمدیوں کی تعداد 20 تھی باقی سب مقامی غیر...... افراد تھے جو مختلف مذاہب اور فرقوں سے تعلق رکھتے تھے۔ مشن ہاؤس کا ہال نما کمرہ کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور گزرنا بھی مشکل ہو رہا تھا۔ پارکنگ کی سب جگہیں بھی پر تھیں۔ 4،5 دوسرے شہروں سے بھی لوگ آئے ہوئے تھے۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ سب افراد جنہوں نے شرکت کی سنجیدہ اور دلچسپی رکھنے والے تھے اور اکثر مقامی افراد پہلی بار آئے تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام

پیارے ممبران جماعت احمدیہ برازیل!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ کہ جماعت احمدیہ برازیل اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنا گیارہواں جلسہ سالانہ 24 اور 25 اپریل 2004ء کو منعقد کرنے کی توفیق پا رہی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اس جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب و کامران فرمائے اور اس کی برکات سے آپ سب کو فیضیاب ہونے کی توفیق بخشے۔

اللہ تعالیٰ نے تمام لوگوں کو خواہ وہ کسی مذہب یا رنگ و نسل سے تعلق رکھتے ہوں، نفس واحدہ سے پیدا کیا ہے اور اس کا منشاء یہ ہے کہ لوگ بھی آپس میں نفس واحدہ بن کر رہیں۔ ان میں مودت اور وحدت ہو۔ اسی لئے تمام مذاہب کے انبیاء کی تعلیمات کا خلاصہ یہ ہے کہ خدائے واحد و یگانہ کی عبادت کی جائے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے اور پھر مخلوق خدا سے ہمدردی کی جائے۔

(-) نے اس تعلیم کو سب سے زیادہ ممتاز اور نمایاں کر کے پیش کیا ہے۔ اور اپنے ماننے والوں کو یہ تعلیم دی ہے کہ وہ ایک دوسرے سے پیار اور محبت سے رہیں اور بنی نوع انسان کو کسی قسم کا کوئی دکھ اور تکلیف نہ پہنچائیں۔ مذہب (-) کا نام (-) رکھنا ہی اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ یہ مذہب کسی قسم کے جبر و تشدد کے برخلاف باہمی صلح اور امن اور آشتی کا حامی ہے کیونکہ لفظ (-) کے معنی ہیں امن میں رہنا اور دوسروں کو امن دینا..........

قرآن کریم نے ملک میں فساد پھیلانے اور کسی کو ناحق قتل کرنے کی بھی شدید مذمت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو کسی شخص کو بغیر اس کے کہ اس نے قتل کیا ہو یا ملک میں فساد پھیلایا ہو، قتل کر دے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا اور جو اسے زندہ کر دے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو زندہ کر دیا (سورۃ المائدہ)۔ پس دیکھیں! یہ (-) کی کیسی اعلیٰ و ارفع تعلیم ہے لیکن اس کو نہ ماننے کا نتیجہ یہ ہے کہ کہیں مذہب تو کہیں رنگ و نسل اور ملکی حد بندیوں کے نام پر نسل انسانی کو آگ و خون کی جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے۔ (-) ایسی تمام مذموم کارروائیوں کی سختی سے مذمت کرتا اور ان سے بیزاری کا اظہار فرماتا ہے۔ ایسی کوششوں کا (-) سے دور واسطے کا بھی کوئی تعلق نہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''(-) کے معنی تو یہ تھے کہ انسان خدا تعالیٰ کی محبت اور اطاعت میں فنا ہو جاوے اور جس طرح پر ایک بکری کی گردن قصاب کے آگے ہوتی ہے اسی طرح پر (-) کی گردن خدائے تعالیٰ کی اطاعت کے لئے رکھ دی جاوے اور اس کا مقصد یہ تھا کہ خدا تعالیٰ ہی کو وحدہ لاشریک سمجھے...... اس کا مغز تو یہ تھا کہ خدا ہی کی محبت میں فنا ہو جانا اور اس کے سوا کسی کو معبود نہ سمجھنا اور مقصد یہ ہے کہ انسان رو بخدا ہو جاوے اور بدنیا نہ رہے اور اس مقصد کے لئے (-) نے اپنی تعلیم کے دو حصے کئے ہیں۔ اول حقوق اللہ، دوم حقوق العباد۔ حقوق اللہ یہ ہے کہ اس کو واجب الاطاعت سمجھے اور حقوق العباد یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی مخلوق سے ہمدردی کریں۔ یہ طریق اچھا نہیں کہ صرف مخالفت مذہب کی وجہ سے کسی کو دکھ دیں۔ ہمدردی اور سلوک الگ چیز ہے اور مخالفت مذہب دوسری شئے...... (-) کی مثال ہم یوں دے سکتے ہیں کہ جیسے باپ اپنے حقوق ابوت کو چاہتا ہے کہ اولاد میں ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی ہو۔ نہیں چاہتا کہ ایک دوسرے کو مارے (-) بھی جہاں یہ چاہتا ہے کہ خدا تعالیٰ کا کوئی شریک نہ ہو وہاں اس کا یہ بھی منشاء ہے کہ نوع انسان میں مودت اور وحدت ہو''۔ (ملفوظات جلد 8، ص 247)

پس (-) کی اصل تصویر یہ ہے جو حضرت اقدس مسیح موعود نے قرآن کریم کی روشنی میں دنیا کے سامنے رکھی ہے۔ میں نے افریقہ کے دورہ کے دوران بھی اپنے ایک خطاب میں اس کا تفصیل سے ذکر کیا تھا۔ پس میرا آپ کو یہ پیغام ہے کہ اس حسین تعلیم کو اپنی زندگیوں میں بھی جاری کریں اور تمام دنیا کو اس تعلیم سے آگاہ کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو اور آپ کو (-) کا اعلیٰ اور نیک نمونہ پیش کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس

اختتامی اجلاس

اس اجلاس کا باقاعدہ آغاز خاکسار کی صدارت میں شروع ہوا جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مکرم سید محمود احمد صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کئے۔ آپ نے بہت عمدہ رنگ میں تمام مہمانوں کا تعارف کروایا۔ تلاوت قرآن کریم ونظم کے بعد خاکسار نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا جلسہ کے ضمن میں خصوصی اور روح پرور اور نہایت ایمان افروز پیغام پڑھ کر سنایا جس کا ترجمہ مکرم سید محمود احمد صاحب نے پرتگیزی زبان میں سنایا۔ اس کے بعد مکرم ندیم احمد طاہر صاحب نے آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ کے موضوع پر تقریر کی پھر خاکسار نے تقریر کی۔ اس کے بعد آنے والے مختلف مذاہب کے نمائندگان نے باری باری تقاریر کیں۔ مکرم سید محمود احمد صاحب نے ان نمائندگان کا تعارف کروایا اور ان کو سٹیج پر آنے کی دعوت دی جنہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مذاہب کی آپس میں اس قسم کی محبت، بھائی چارے اور حوصلہ ظرفی کو بہت سراہا اور اس قسم کا جلسہ منعقد کرنے پر جماعت کا شکریہ ادا کیا۔ ان نمائندگان کے نام بالترتیب یہ ہیں۔

(1) Sr. Celso Antonio Ferreira, President Conselho Espirita.

(2) Sr. Rogelho Jacinto, Uniao Municipal Espirita de Petropolis.

(3) Joao Paulo de Oliveira Santos, President da Associacao dos deficentes visuais de Petropolis.

ایک گرجا کے پادری جو گزشتہ سال جلسہ سالانہ پر آئے تھے۔ امسال خود تو نہ آسکے لیکن ای میل کے ذریعہ پیغام بھیجا اور خود نہ آسکنے پر معذرت کی۔

نمائندگان کی تقاریر کے بعد مکرم سید محمود احمد صاحب کی ''اللہ'' کے موضوع پر تقریر تھی۔ آپ نے قرآن کریم کی روشنی میں مذہب کی ضرورت پر زور دیا اور بتایا کہ کس طرح دین حق امن وآشتی کا مذہب ہے۔

ہمارے برازیلین احمدی بھائی مکرم عبدالرشید صاحب نے جہاد کے متعلق ایک بہت جامع مضمون پڑھ کر سنایا۔ ندیم احمد طاہر جو آٹھویں جماعت کا طالبعلم ہے، نے کچھ عرصہ قبل پرتگیزی زبان میں ایک نظم لکھی تھی جو حکومت کے شعبہ تعلیم والوں کی ایک کتاب میں شائع ہوئی اور اس کی افتتاحی تقریب میں میئر نے وہ نظم پڑھ کر سنائی نیز کتاب بھی تحفہ دی۔ یہ رپورٹ بعد میں مقامی اخبار میں بھی شائع ہوئی۔ چنانچہ اس نے اس موقع پر اپنی یہ نظم بھی پڑھ کر سنائی جو باپ کے موضوع پر لکھی تھی۔

آخر میں دعا ہوئی۔ اس کے متعلق دلچسپ بات یہ ہوئی کہ خاکسار نے یہ اعلان کیا کہ چونکہ یہاں مختلف مذاہب کے لوگ ہیں اس لئے ہمارے ساتھ ہمارے طریق کے مطابق دعا کرنے کی مجبوری نہیں جو جس کا طریق ہے وہ اس کے مطابق دعا کرسکتا ہے۔ چنانچہ سب نے اس مذہبی آزادی اور رواداری کو بہت پسند کیا اور سراہا۔ چنانچہ ایک ہی جگہ پر مختلف مذاہب کے لوگ اپنے اپنے طریق پر دعا کر رہے تھے۔

الغرض یہ جلسہ انتہائی کامیابی کے ساتھ انتہائی خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوا۔ سب حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا جو سب نے خوب مزے سے کھایا۔

نمائش

ہر سال کی طرح امسال بھی قرآن کریم کے مختلف زبانوں میں تراجم، دوسرے دینی لٹریچر وتصاویر سے متعلق نمائش لگائی گئی تھی۔ علاوہ ازیں امسال بھی ہم نے پاکستانی کلچر سے متعلق نمائش کا اہتمام کیا تھا۔ اس میں کپڑے، جوتے، ڈاک ٹکٹ، فوٹوز، کھانے کی اشیاء، ڈیکوریشن کی چیزیں وغیرہ رکھی تھیں۔ اس میں سب نے بہت دلچسپی لی اور بہت تعریف کی۔

اخبارات میں چرچا

اس جلسہ کے متعلق اخبارات میں تصاویر کے ساتھ جو خبریں شائع ہوئیں ان کا ایک حصہ پیش خدمت ہے۔

Diario de Petropolis جمعہ 23 اپریل 2004ء نے لکھا:

''ظلم وتشدد میں اضافہ اب روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ اور یہ (ظلم اور تشدد) صرف فلسطین یا عراق میں ہی نہیں ہے بلکہ آئر لینڈ اور ریو دی جانیرو وغیرہ میں بھی نفرتوں کے انبار دکھائی دیتے ہیں۔ جلسے، جلوس اور مظاہرے امن کے قیام کے لئے بہت کم نتیجہ پیدا کرتے ہیں۔ وسیم احمد ظفر صدر جماعت ومربی انچارج جماعت احمدیہ برازیل کے نزدیک ظلم وتشدد روکنے اور اس میں کمی کے لئے ایک ہی مؤثر ذریعہ ہے اور وہ ہے مذہب۔ کوئی مذہب بھی ظلم وتشدد اور خوف وہراس کی تعلیم نہیں دیتا۔ اس قسم کی تعلیم دینا دراصل مذہب سے دوری کا نتیجہ ہے۔ لوگوں کو ضرورت ہے کہ کوئی نہ کوئی مذہب اختیار کرکے اس کی بنیادی تعلیم پر عمل کریں۔ اگر ہم میں سے ہر ایک اپنے اپنے مذہب سے وفادار ہو تو یقیناً ہم دنیا میں امن کے قیام کے سلسلہ میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ وسیم نے بیان کیا:

''جماعت احمدیہ مورخہ 25 تاریخ کو اتوار کے روز صبح 10:30 بجے اپنے مرکز واقع 215، Estrada da Saudade میں اپنا گیارہواں جلسہ سالانہ منعقد کررہی ہے۔ جس کا موضوع ''دنیا میں امن کے قیام کے لئے مذہب کی ضرورت'' ہے۔ اس جلسہ میں شمولیت کے لئے دوسرے مذاہب کے نمائندوں کو بھی دعوت دی گئی ہے۔ ان سب (شرکاء) کے لئے اپنے اپنے مذہب کی روشنی میں اس موضوع کے متعلق بیان کرنے کے لئے بطور خاص وقت رکھا گیا ہے۔ وسیم کے مطابق دنیا میں امن کا قیام سیاسی لیڈروں کے بس کی بات نہیں۔ یہ ہمیشہ الہامی جماعتوں کے ان نمائندوں کے ذریعہ ہی ہوسکتا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے بھیجے گئے ہوں۔......

جماعت احمدیہ کے نزدیک یہ روحانی پیشوا آچکا ہے اور اس نے ہمیں یہ تعلیم دی کہ امن کے قیام کا انحصار مندرجہ ذیل باتوں پر ہے۔ عملی طور پر خدا کی طرف لوٹنا۔ جھوٹ کو ترک کرنا۔ دوسروں کو دھوکہ دینے سے باز آنا۔ گندی زبان استعمال کرنے سے رکنا۔ صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنا اور لوگوں کے لئے بغیر تفریق رنگ، نسل یا مذہب کے دل میں درد رکھنا۔ محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں۔ اپنی آزادیوں کو مذہبی تعلیم کے دائرہ کے اندر محدود رکھنا۔ چھوٹوں سے محبت وشفقت سے پیش آنا اور بڑوں کی عزت کرنا۔''

وسیم نے ذکر کیا کہ تمام مذاہب میں انتہاء پسند لوگ موجود ہیں۔ جو الہامی تحریرات کی غلط تشریح کرتے ہیں۔ پس اس میں مذاہب کا قصور نہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ان تعلیمات کا بغور مطالعہ کریں اور اس بات کی ضرورت ہے کہ بانیان مذاہب اور ابتدائی ماننے والوں کا نمونہ دیکھیں۔ ان سب نے امن ہم آہنگی اور بھائی چارہ کی تعلیم دی ہے۔''

Diario de Petropolis بدھ 5 مئی 2004ء نے لکھا:

احمدیت کے جلسہ سالانہ کا نمایاں پہلو

کہ مذاہب ہی امن کا حقیقی گہوارہ ہیں

احمدیہ جماعت برازیل جو دین حق کی ایک پرامن جماعت ہے، نے اتوار مورخہ 25 / اپریل کو اپنا گیارہواں جلسہ سالانہ منعقد کیا۔ جس میں مندرجہ ذیل موضوع بیان کیا گیا:۔

''دنیا میں امن کے قیام کے لئے مذہب کی ضرورت''

اس جلسہ میں مختلف مذاہب، فرقوں اور قوموں کے تقریباً 90 افراد نے شرکت کی۔ یہ جلسہ اندازاً 3 گھنٹے تک جاری رہا۔ بعض شرکاء دوسرے شہروں مثلاً Rio de Janeiro، Niteroi, Sao Goncalo وغیرہ سے بھی آئے۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی جماعت احمدیہ نے دوسرے مذاہب کے نمائندوں کو شرکت کی دعوت دی۔ چنانچہ مندرجہ ذیل نمائندگان نے شرکت کرکے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Celso Antonio Ferreira روحانیت سے تعلق رکھنے والے مذہب کے صدر Conselho Espirita Unificacao de Petropolis اسی طرح Rogelh Jacinto de Souza نمائندہ Uniao Munnicipal Espirita de Petropolis اور Joao Paulo de Oliveira جو Associacao dos Deficientes کے صدر ہیں۔ جناب Joao Paulo کو جماعت احمدیہ کا یہ ماٹو ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' اتنا زیادہ پسند آیا کہ بار بار دوہرایا اور پھر تمام شرکاء جلسہ کو بھی ساتھ دوہرانے کی دعوت دی۔

دوسرے مقررین میں وسیم احمد ظفر صدر ومربی انچارج جماعت احمدیہ برازیل، سید محمود احمد نائب صدر، عبدالرشید جنرل سیکرٹری اور ندیم احمد طاہر جو آٹھویں جماعت کا طالبعلم ہے شامل ہیں۔ تمام مقررین نے ہر قسم کے ظلم وتشدد اور دہشت گردی کی مذمت کی خواہ کسی بھی ملک میں ہو۔ یہ کسی بھی مسئلہ کا حل نہیں ہے۔

جلسہ دعا کے ساتھ ختم ہوا اور ایک ہی جگہ اور ایک ہی وقت میں عملی طور پر ''امن'' (کے قیام) کا عملی مظاہرہ دیکھنے میں آیا کہ ہر ایک اپنے اپنے مذہب کے طریق پر دعا کر رہا تھا۔ اس کے بعد جماعت احمدیہ برازیل نے تمام شرکاء جلسہ کی خدمت میں دوپہر کے کھانے میں پاکستانی طرز کا سپیشل کھانا پیش کیا۔ (کابلی چنوں والے چاول، مرغی، خالص گندم کے آٹے کی روٹی، کالا لوبیا، سوجی کا حلوہ وغیرہ)۔ اکثر لوگوں کے لئے اس طرز کا پاکستانی کھانا کھانے کا پہلا موقع تھا۔ چنانچہ سب نے یہ کھانا بے حد پسند کیا۔

• اسی طرح پاکستانی کلچر سے متعلق ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں دلہن کا لباس، عورتوں، مردوں اور بچوں کے دوسرے کپڑے، جوتے، ڈاک ٹکٹ، کرنسی، نوٹ اور ڈیکوریشن کی دوسری چیزیں شامل تھیں۔

جماعت احمدیہ کے دروازے ہمیشہ احمدیت سے متعلق دلچسپی رکھنے والے تمام لوگوں کے لئے کھلے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے جماعت احمدیہ برازیل کے صدر ومربی انچارج وسیم احمد ظفر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

ٹیلی فون نمبر: 22421385

فیکس نمبر: 22372577

email: ahmadiat89@yahoo.com.br

وقف جدید کو مضبوط بنانا ضروری ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

میں آپ لوگوں کو برابر تحریک کرتا رہا ہوں کہ وقف جدید کو مضبوط بنانا ضروری ہے لیکن اب تو کام کی وسعت کی وجہ سے اس کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ پس جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ کو مالوں میں ترقی دی ہے وہاں آپ کو سلسلہ کی ترقی کیلئے بھی دل کھول کر چندہ دینا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو توفیق دے کہ آپ وقت کی آواز کو سنیں۔ خدا کرے کہ آپ آسمان کی آواز کو بھی سنیں اور زمین کی آواز کو بھی سنیں تا کہ آپ کو سرفرازی حاصل ہو۔'' (الفضل 31 دسمبر 1959ء)

طاہر احمد نسیم صاحب

نرم، طاقتور اور مفید دھات۔ سیسہ

خصوصیات، استعمال اور حصول کے ذرائع

سیسہ جسے عرف عام میں سکہ کہا جاتا ہے ایک نرم اور بھاری دھات ہے جو زمانہ قدیم سے جانی پہچانی دھات ہے اور لوگ ہزاروں سال سے اسے استعمال کرتے چلے آئے ہیں۔ پہلے زمانہ میں عام طور پر یہ دھات تعمیراتی کاموں کے لئے اور برتنوں وغیرہ کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔ آج کل یہ دھات زیادہ تر صنعت و حرفت میں استعمال ہوتی ہے خصوصاً گاڑیوں، ہوائی جہازوں اور گھروں میں بجلی پیدا کرنے کے لئے اور کیمیکلز پٹرولیم اور ایٹمی توانائی پیدا کرنے کے مراکز میں۔ اپنی تمام تر افادیت کے ساتھ ساتھ سیسہ سخت مضر صحت اثرات بھی پیدا کرسکتا ہے۔ خصوصاً وہ لوگ جو زیادہ تر کیمیکل تیار کرنے والے کارخانوں یا پٹرولیم صاف کرنے کے مراکز میں کام کرتے ہیں جہاں فضا میں سے سیسہ کے باریک اجزا اور بخارات سانس کے ذریعہ ان کے جسم میں داخل ہوتے رہتے ہیں انہیں Lead Poisoning کی تکلیف ہو جاتی ہے جو دیگر شدید عوارض کے ساتھ ساتھ موت پر بھی منتج ہوسکتی ہے۔

عجیب بات یہ ہے کہ آج کل دنیا میں استعمال ہونے والے سیسہ میں سے صرف نصف کے قریب مقدار وہ ہے جو جو کانوں میں سے نکالا جاتا ہے جبکہ باقی مقدار پرانی سیسہ کی اشیاء کو پھر سے ری سائیکل کرکے حاصل کی جاتی ہے۔ آسٹریلیا اور روس سیسہ پیدا کرنے والے سب سے بڑے ممالک ہیں جبکہ دوسرے نمبر پر امریکہ اور تیسرے نمبر پر کینیڈا آتے ہیں۔ چونکہ سیسہ بہت بھاری مگر انتہائی نرم دھات ہے اس لئے اسے خالص شکل میں استعمال کرنا مشکل ہے۔ لہٰذا اکثر اوقات اس کو ٹن Tin جیسی دھاتوں کے ساتھ ملا کر بطور Alloy کے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کیمیائی طور پر بھی کلورین، آکسیجن اور بعض دوسرے عناصر کے ساتھ مل کر آمیزے بناتا ہے۔

خصوصیات اور استعمالات

